37039- کٹی ہوئی چکی والا دنبہ قربانی کے قابل نہیں ہے

سوال

کیا چھوٹی عمر میں ہی کٹی ہوئی چکی والا دنبہ قربانی اور عقیقہ کے قابل ہے ، اس کی چکی عمدا کاٹی گئی تھی تا کہ اس کا پورا جسم موٹا ہوجائے ؟

پسندیدہ جواب

کٹی ہوئی چکی والا دنبہ قربانی ، عقیقہ اورحج میں ذبح کی جانے والی قربانی کے قابل نہیں اس کی دلیل مندرجہ ذیل حدیث میں پائی جاتی ہے :

امیرالمومنین علی رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ :

ہم جانورکی آنکھ ، کان ، کواچھی طرح چیک کریں ، اور ٹیڑھی آنکھ والا ، اور مقابلۃ ، اور نہ ہی مدابرہ (جس کے کان کاپچھلا حصہ کٹا ہوا ہو ، اور نہ ہی خرقاء اور نہ شرقاء کی قربانی کریں ۔

مسند احمد (210/2) حدیث نمبر (851) امام ترمذی اور ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور اسے چاروں نے روایت کیا ہے ۔

المقابلۃ : اس جانور کو کہتے ہیں جس کے کان کا اگلا حصہ کاٹ دیا جائے اور باقی لٹکتا رہا ۔

الخرقاء : کان میں سوراخ والے جانور کو کہتے ہیں ۔

الشرقاء : پھٹے کان والے جانور کو کہتے ہیں ۔

یہ تواس حالت میں ہے جب اس کی دم یا چکی کٹی ہوئی ہو ، لیکن اگر دنبے یا بینڈھے کی دم اور چکی اصلا پیدا ہی نہ ہوئی ہو تو اس کا حکم الجماء یعنی بغیر سینگ والے اور الصمعاء یعنی چھوٹے کان والے کا ہے اور یہ قربانی کے قابل ہوتا ہے ۔ ۔